© rasailojaraid.com



ادارہ

# اخبار الاحرار

**گستاخ رسول کو معاف کرنے کا حق حکمرانوں کے پاس نہیں۔ حکمران ناموس رسالت کے حوالے سے امریکہ اور برطانیہ کی خوشنودی کے لیے کسی بھی تبدیلی یا سازش سے باز رہیں: قائد احرار ابن امیر شریعت سید عطاء المہیمن بخاری**

(جلال پور پیر والا، رپورٹ: محمد طلحہ جامی نقشبندی) حرمت رسول کا تحفظ ایمان کا حصہ ہے گستاخ رسول کو معاف کرنے کا حق حکمرانوں کے پاس نہیں قانون رسالت کو تبدیل کرنے کی کوشش کی گئی تو پاکستان کا ہر شخص قانون رسالت کا تحفظ جان کی بازی لگا کر کرے گا۔ گستاخ کو سزا ضرور ملنی چاہیے۔ گورنر پنجاب بھی قصوروار ہیں صلیبی و یہودی منظم سازشوں کے تحت جان بوجھ کر قرآن مجید کی بے حرمتی، رحمت عالم صلی اللہ علیہ کی شان میں گستاخیاں اور اسلامی شعائر کی توہین کر رہے ہیں حکمران ناموس رسالت اور ختم نبوت کے حوالہ سے امریکہ یورپ کی خوشنودی کے لیے کسی بھی تبدیلی یا سازش سے باز رہیں۔ ان خیالات کا اظہار قائد احرار ابن امیر شریعت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری نے پر ہجوم پریس کانفرنس سے کیا۔ پریس کانفرنس میں قاری عبدالرحیم فاروقی، محمد مروان فاروقی، محمد طلحہ، محمد عبدالرحمٰن جامی نقشبندی، حافظ محمد محسن، شفیق الرحمٰن و دیگر جماعتی احباب کی موجودگی میں قائد احرار نے کہا کہ ناموس رسالت ایکٹ کو ختم یا تبدیل کیا گیا تو ملک کا بچہ بچہ جان کی بازی لگا کر تحفظ کرے گا۔ گستاخ رسول آسیہ مسیح کو کڑی سزا دی جائے۔ حکمرانوں کو سزا میں کمی یا تخفیف کا اختیار نہیں۔ پی پی پی مشرف کی پالیسیوں کو ختم کرے توہین رسالت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ حرمت رسول ہمارے ایمان کا حصہ ہے۔

**گھروں میں دین داخل نہ ہوا تو ہماری اولادیں دین سے محروم ہو جائیں گی۔ غیروں کی پیروی کرنے سے مسلمانوں کی دنیا میں ناکامی کا سامنا ہے اور آخرت بھی تباہ ہو گی: ابن امیر شریعت قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری**

(کلروالی نمائندہ خصوصی) ۸ دسمبر بروز بدھ بستی کلروالی تحصیل جلالپور پیر والا میں ملک اللہ بخش لانگ کی دعوت پر قائد احرار ابن امیر شریعت سید عطاء المہیمن بخاری تشریف لائے سالانہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا مسلمانوں کی مشکلات کا سبب اللہ تعالیٰ کے احکام پر عمل نہ کرنا اور دین سے دوری ہے ابدی کامیابی دنیا کے حصول سے نہیں بلکہ شریعت محمدی پر عمل کرنے سے ہی ملے گی ہمارے مسائل کا حل قرآن و سنت میں ہے۔ آج اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے پیغامات کو پس پشت ڈال کر غیروں کے احکام پر عمل پیرا ہیں اس وجہ سے دنیا میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور آخرت میں بھی ناکامی ہو گی۔ کیونکہ اصل کامیابی اللہ کے دین پر عمل کرنے میں ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ذکر کثرت سے کیا کرو اس سے دل میں نورانیت پیدا ہوتی ہے اور



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سکون وچین حاصل ہوتا ہے قائد احرار ابن امیر شریعت سید عطاء المہیمن بخاری نے مزید کہا کہ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے سروں پر کفن باندھ کر سڑکوں پر آجائیں گے۔ توہین رسالت ایکٹ میں ترمیم کی گئی تو مجلس احرار اسلام ۱۹۵۳ء کی تحریک ختم نبوت کی تاریخ دہرائے گی۔ گستاخ رسول آسیہ مسیح کو عدالتی فیصلے کے مطابق سزا دی جائے توہین رسالت ایکٹ ختم کرنے اور آسیہ مسیح کی سزا معاف کرنے کی کوششوں کے خلاف پورے ملک میں احتجاج کیا جائے گا۔ مغرب کے پروردہ حقوق انسانی کی نام نہاد این جی اوز امریکہ کی نوکری پکی کرنے کے لیے توہین رسالت ایکٹ کے خلاف بیان بازی سے باز رہیں۔ رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کی سزا موت پر پوری مسلم امہ کا اجماع ہے۔ اس سزا میں کمی کے لیے توہین رسالت ایکٹ میں کسی قسم کی ترمیم کی کوششوں کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۲۶ رجنوری) مجلس احرارِ اسلام ساہیوال ڈویژن میں جدید رُکنیت و معاونت سازی کا کام تیزی سے جاری ہے۔ جماعت کے سنیئر کارکن مولانا محمد صفدر عباس، حکیم محمد قاسم اور قاضی عبدالقدیر احباب سے رابطہ کر کے تنظیم سازی کر رہے ہیں، حافظ محمد عابد مسعود نے چیچہ وطنی دفتر سے جاری کردہ ایک پریس ریلیز میں علاقائی کارکنوں سے کہا ہے کہ وہ مقررہ مدت کے اندر اندر تنظیم سازی کے عمل کو دستور کے مطابق مکمل کریں اور جماعت کی دعوت کو عام کرنے میں تمام تر وسائل کو بروئے کار لائیں۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۲۶ ردسمبر) تحریک طلباء اسلام چیچہ وطنی کے زیر اہتمام ختم نبوت سٹوڈنٹس جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے تعاون سے ''تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم'' ریلی نکالی گئی ریلی کے اختتام پر چیچہ وطنی پریس کلب کے سامنے زبردست احتجاجی مظاہرہ کیا گیا جہاں تحریک کے صدر ملک محمد آصف، جنرل سیکرٹری مرزا محمد صہیب، سیکرٹری اطلاعات محمد قاسم چیمہ، رانا یوسف آزاد اور دیگر نے خطاب کیا اس ریلی کی سرپرستی مجلسِ احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ اور مسجدِ عثمانیہ کے خطیب مولانا منظور احمد نے کی۔ تفصیلات کے مطابق ریلی جامع مسجد سے شروع ہوئی تو شرکاء ریلی نے قانون تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں اور حکمرانوں کے خلاف بڑے بڑے بینرز اور پلے کارڈز اٹھار کھے تھے محمد ہمارے...... بڑی شان والے، گستاخ رسول کی سزا...... موت ہے، غلامی رسول میں...... موت بھی قبول ہے۔ گورنر پنجاب...... مردہ باد، قادیانیت مردہ باد، ختم نبوت زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگاتے ہوئے شرکاء جامع مسجد روڈ سے اوکانوالہ روڈ پر پہنچے متعدد شرکاء نے تحریک طلباء اسلام کے سرخ پرچم بھی اٹھار کھے تھے اوکانوالہ روڈ پر کئی مقامات پر شہریوں نے ریلی کے شرکاء پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں جلوس تحریکِ طلباءِ اسلام کے نائب صدر محمد جنید احرار، قاری محمد سدید اور محمد رمضان جلوی کی قیادت میں جب چیچہ وطنی پریس کلب پہنچا تو تمام صحافی تنظیموں اور صحافیوں نے پرجوش خیر مقدم کیا پریس کلب کے سامنے زبردست مظاہرہ کیا گیا۔

☆☆☆



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



چیچہ وطنی (۲۶ر دسمبر) مرکز سراجیہ کے زیر اہتمام خانقاہ احمدیہ سراجیہ دادڑہ بالا (ہڑپہ) میں خانقاہ سراجیہ کے متوسلین و متعلقین کا ایک اجتماع حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمتہ اللہ علیہ کے فرزند صاحبزادہ مولانا رشید احمد کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ، متحدہ جمعیت اہلحدیث کے رہنما مولانا سید ضیاء اللہ شاہ بخاری، ممتاز سکالر اور مصنف محمد متین خالد، مولانا محبوب الحسن لاہور، مفتی مسعود الحسن، قاری سعید احمد، محمد فضل شاہ، محمد رمضان بھگیلا اور دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم اور تحفظِ ختم نبوت کے محاذ پر خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ مجددیہ کے متوسلین پوری دنیا میں ایک مثبت کردار ادا کر رہے ہیں مقررین نے کہا کہ خانقاہوں اور دینی درس گاہوں نے دینی تحریکوں کے لئے رجال کار مہیا کئے لوگوں کی جہالت دور کر کے اُن کو علم کے نور سے منور کیا مقررین نے کہا کہ عاصمہ جہانگیر کو سرکاری وسائل سے سپریم کورٹ بار کا صدر بنوانا ''آسیہ مسیح'' کو سنائی جانے والی عدالتی سزا ختم کروانے کے لئے عدالتی نظام کو بائی پاس کر کے ۲۹۵۔سی کے خلاف مہم بنانا ایک ہی ایجنڈے کے تحت ہو رہا ہے اسلامیانِ پاکستان کسی طرح بھی قانون ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم اور تحفظِ ختم نبوت کے قوانین ختم نہیں ہونے دیں گے اجتماع کے مقررین نے اپیل کی کہ تحریک تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے کے مطابق ۳۱ر دسمبر کو ملک میں مکمل ہڑتال کی جائے شرکاء اجتماع نے ہاتھ اٹھا کر ہڑتال کی مکمل تائید کا اظہار کیا اجتماع میں گورنر پنجاب سلمان تاثیر، وفاقی وزیر اقلیتی امور شہباز بھٹی، شیری رحمٰن کے خلاف سخت نعرے بازی کی گئی شرکاء اجتماع نے اِس عزم کا اظہار کیا کہ تحریک ختم نبوت کو جاری رکھنے اور قادیانیوں اور گستاخانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے تعاقب کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا اور قائد تحریک ختم نبوت حضرت خواجہ خان محمد رحمتہ اللہ علیہ کے مشن کو آگے بڑھانے کے لئے تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لایا جائے گا۔ اجتماع میں حضرت استاد احمد دین رحمتہ اللہ علیہ کی علاقے کے لئے دینی و روحانی خدمات جلیلہ کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا گیا اور لوگوں سے اپیل کی گئی کہ وہ عقیدے کی درستگی اور دنیا و آخرت کی بھلائی کے لئے صحیح العقیدہ بزرگانِ دینی تحریکوں اور خانقاہوں سے اپنا روحانی تعلق مضبوط کریں۔

## قادیانیوں کا سالانہ جلسہ زبردست ناکامی سے دوچار

## قادیان میں تین روزہ جلسے کے پنڈال میں لگی کرسیاں آدھے سے زیادہ خالی رہیں

## قادیانیوں نے خانہ پوری کے لیے دوسرے مذاہب کے رہنماؤں کو مدعو کر لیا۔ مجلس احرار اسلام

کراچی (نمائندۂ خصوصی) قادیان سے اطلاعات کے مطابق مرزا غلام احمد قادیانی کے پیروکاروں کا تین روزہ سالانہ جلسہ بری طرح ناکام ہو گیا۔ اور پنڈال میں شرکاء کی شرکت دکھانے کے لیے لگائی گئی کرسیاں آدھی سے زیادہ خالی نظر آئیں۔ ان دنوں قادیان میں جاری سالانہ تین روزہ جلسے میں غیر متوقع طور پر حاضری نہایت کم رہی۔ قادیانیوں کی زبردست کوششوں کے باوجود قرب وجوار کے دیہات اور شہروں سے لوگوں نے شرکت نہیں کی بلکہ انھوں نے جلسے میں شرکت سے انکار کر دیا۔ لدھیانہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں مجلس احرار اسلام کے مرکزی دفتر سے موصولہ اطلاعات کے مطابق قادیانی اب اپنی ارتدادی سرگرمیوں کے لیے دیگر ذرائع استعمال کر رہے ہیں۔ احرار اسلام ہند کے ترجمان کے مطابق حیرت کی بات یہ ہے کہ اپنے آپ کو (عالمی جماعت احمدیہ) کہنے والے قادیانی جلسہ گاہ میں ایک ہزار افراد کو بھی نہیں لا پا رہے۔ حالانکہ قادیانی سربراہ دعوے کرتے ہیں کہ ان کی جماعت میں کروڑوں افراد شامل ہیں ذرائع کے مطابق قادیانی مختلف مذاہب کے مذہبی رہنماؤں کو سننے کے لیے قادیانی جلسے میں آئیں گے۔ قادیانوں کی اس ناکامی پر مجلس احرار اسلام ہند کے امیر مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی نے کہا یہ سب شہدائے ختمِ نبوت کی قربانیوں اور احرار کارکنوں کی محنت کا نتیجہ ہے۔ (۳۱ر دسمبر ۲۰۱۰ء، روزنامہ اسلام لاہور)

## قوم توہین رسالت قانون میں تبدیلی برداشت نہیں کرے گی (سید عطاء المہیمن بخاری)

ملتان (۳۱ر دسمبر) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ قوم نے ۲۴ دسمبر کو ملک گیر احتجاجی مظاہروں اور ۳۱ دسمبر کو کامیاب ہڑتال کر کے حکمرانوں کو پیغام دے دیا ہے کہ قانون تحفظِ ناموسِ رسالت میں کوئی تبدیلی قبول نہیں کی جائے گی۔ حکمران نوشتۂ دیوار پڑھ لیں اگر قانون میں کوئی تبدیلی کی گئی یا اسے غیر مؤثر کرنے کی کوشش کی گئی تو حکومت باقی نہیں رہے گی۔ مرکز احرار دارِ بنی ہاشم میں ایک بڑے احتجاجی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ صدر اور وزیراعظم وضاحت کریں اور قومی اسمبلی میں توہینِ رسالت قانون کے خلاف پیش کیا جانے والا شیری بل واپس لیا جائے۔

انھوں نے کہا کہ اسمبلی میں اگر کوئی غلط فیصلہ کیا گیا تو پورے ملک کے انتخابی حلقوں میں ارکانِ اسمبلی کا گھیراؤ کیا جائے گا۔ قانون میں کوئی ترمیم یا تبدیلی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ حکمران امریکی ایجنڈے کے مطابق سازشی سیاست کر رہے ہیں تحفظِ ناموس رسالت قانون پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جائے گی۔ سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ جب تک حکومت وضاحت نہیں کرتی تحریک جاری رہے گی۔ اور آئندہ آنے والے دنوں میں تحریک شدت اختیار کر جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ اگر قانون میں کوئی تغیر وتبدل کیا گیا تو ملک میں انارکی اور خانہ جنگی پیدا ہوگی اور لوگ فیصلے خود کریں گے۔ انھوں نے مزید کہا کہ چناب نگر (ربوہ) پاکستان کا شہر ہے اس کو قادیانی اسٹیٹ بنانے کی سازش کی جارہی ہے یہ ملک وملت کی سلامتی کے لیے خطرہ ہے حکومت اس کا نوٹس لے۔

☆☆☆

بورے والا (یکم جنوری) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ یکم جنوری کو بورے والا تشریف لائے اور احباب جماعت کے ہمراہ بورے والا پریس کلب میں تحریک تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کی تازہ ترین صورتحال کے حوالے سے پریس کانفرنس سے خطاب کیا اور صحافیوں کے سوالات کے جواب دیے اُسی رات قائد احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ العالی بورے والا تشریف لائے اور مدرسہ ختم نبوت میں احباب جماعت سے ملاقات کے بعد چیچہ وطنی تشریف لے گئے۔

☆☆☆



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## عاصمہ جہانگیر کی ہرزہ سرائی اسلام دشمن قوتوں کا ایجنڈا ہے: مجلس احرار اسلام

## پورے ملک میں رضا کارانہ ہڑتال ہوئی، مذہبی جماعتوں نے کسی شہر میں زبردستی دکانیں بند نہیں کرائیں: عبداللطیف خالد چیمہ

چیچہ وطنی (نیوز رپورٹر) متحدہ تحریک ختم نبوت کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر اور مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی صدر عاصمہ جہانگیر کے علماء کرام کے خلاف بیان کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ تحریک تحفظ ناموس رسالت کی اپیل پر جمعہ کے روز پورے ملک میں رضا کارانہ طور پر تاریخی ہڑتال کی گئی، مذہبی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے کسی بھی شہر میں زبردستی دکانیں بند نہیں کرائیں، ملک بھر میں کامیاب شٹر ڈاؤن ہڑتال ناموس رسالت ایکٹ میں ترمیم کی کوششوں کے خلاف عوامی ریفرنڈم ثابت ہوئی، سپریم کورٹ پار ایسوسی ایشن کی خاتون صدر کا یہ کہنا کہ ''علما سڑکوں پر دہشت گردی پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں اور ڈرا دھمکا کر دکانیں بند کراتے ہیں'' حقائق سے نظریں چرانے کی کوشش ہے ان کا کہنا تھا کہ وفاقی شرعی عدالت اپنے فیصلہ میں ناموس رسالت ایکٹ کو انسانی حقوق کے مطابق قرار دے چکی ہے اس حوالے سے عاصمہ جہانگیر کی ہرزہ سرائی اسلام دشمن قوتوں کا ایجنڈا ہو سکتی ہے، انھوں نے مزید کہا حدود قوانین کے حوالے سے شروع کی گئی خطرناک مہم کو بند نہ کیا گیا تو ہر پلیٹ فارم پر مزاحمت جاری رہے گی۔ (روزنامہ اسلام، ۳؍جنوری ۲۰۱۱ء)

## تحفظِ ناموسِ رسالت کے لیے دینی جماعتوں کی جدّ وجہد جاری رہے گی۔ (سید عطاء المہیمن بخاری)

لاہور (۵؍جنوری) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری اور سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ گورنر پنجاب کے قتل کے واقعہ کے اصل محرکات اور ملک ممتاز قادری میں پیدا ہونے والے ردِ عمل کا ٹھنڈے دل و دماغ کے ساتھ جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ قانون تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم (۲۹۵۔سی) کے خلاف بین الاقوامی دباؤ اور حکمرانوں کی کفر نوازی کے خلاف دینی جماعتوں کی جدوجہد جاری رہے گی۔ ہمارا ہدف یہ ہے کہ اقوامِ متحدہ تمام انبیاء کرام علیھم السلام کے احترام کی بین الاقوامی سطح پر قانون سازی کرے اور توہین کا حق مانگنے والوں اور توہین کرنے والوں کی سرپرستوں کا راستہ روکے۔ انہوں نے کہا کہ اس واقعہ سے ہمارے مؤقف کو تقویت ملی ہے کہ قانون کی عمل داری کو یقینی بنایا جائے اور قانون شکنی کو روکا جائے تا کہ کوئی قانون کو ہاتھ میں نہ لے اور قانون اور عدالتوں کو بائی پاس کر کے اپنی مرضی کو مسلط کرنے کا رجحان ختم ہو۔ مجلس احرارِ اسلام پاکستان اور تحریکِ تحفظِ ختم نبوت کے رہنماؤں پروفیسر خالد شبیر احمد، سید محمد کفیل بخاری، مولانا محمد مغیرہ، میاں محمد اویس، قاری محمد یوسف احرار، حافظ محمد عابد مسعود، یاسر عبدالقیوم نے کہا ہے کہ ۲۹۵۔سی کو کالا قانون کہہ کر جس شدت پسندی کا مظاہرہ کیا گیا تھا وہ نہیں ہونا چاہیے تھا ان رہنماؤں نے کہا کہ یہ قانون اسلامیانِ پاکستان کے عقیدے کا مظہر ہے جس کی منظوری پارلیمنٹ نے دی اور وفاقی شرعی عدالت اس کی توثیق کر چکی ہے اور اِسے اِنسانی حقوق کے عین مطابق قرار دے چکی ہے انہوں نے اِنسانی حقوق کی بعض تنظیموں اور دیگر شخصیات کی طرف سے اِس قانون کے خلاف منفی پراپگنڈے کو مسترد کیا اور کہا کہ جن وجوہات کی بنا پر یکطرفہ پراپگنڈہ ہو رہا ہے ان کی کوئی حقیقت نہیں ہے انہوں نے کہا کہ قانون کی عمل داری کو اس قدر یقینی بنایا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دیا جائے کہ قانون کو ہاتھ میں لینے یا قانون اور عدالتوں پر اثر انداز ہونے کا تأثر ختم ہو۔

**قانون توہین رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف مُہم پارلیمنٹ کے فیصلہ سے انحراف ہے: متحدہ تحریک ختم نبوت**
**وفاقی شرعی عدالت ۲۹۵۔سی کی توثیق کر چکی ہے، مقتدر شخصیات توہین رسالت اور توہین عدالت سے مکمل احتراز نہیں کریں گی تو لوگ قانون کو خود ہاتھ میں لیں گے، پاکستان شریعت محمدیہ کے نام پر معرض وجود میں آیا اور اسی کے نفاذ سے اس کی بقاء ممکن ہے، مولانا عطاء المہیمن بخاری، مولانا زاہد الراشدی، عبداللطیف خالد چیمہ**

ملتان (۷رجنوری) متحدہ تحریکِ ختمِ نبوت نے کہا ہے کہ قانونِ توہین رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف کمپین پارلیمنٹ کے فیصلے سے انحراف ہے۔ مقتدر شخصیات توہینِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم اور توہینِ عدالت سے مکمل احتراز نہیں کریں گی تو لوگ قانون کو خود ہاتھ میں لیں گے۔ مجلسِ احرارِ اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری، پاکستان شریعت کونسل کے سیکرٹری جنرل مولانا زاہد الراشدی، متحدہ تحریکِ ختمِ نبوت کے مرکزی رابطہ کمیٹی کے کنوینئر عبداللطیف خالد چیمہ، مجلس احرارِ اسلام کے رہنما سید محمد کفیل بخاری اور مولانا محمد مغیرہ، جمعیت علماءِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل مولانا عبدالرؤف فاروقی، جماعتِ اسلامی پاکستان کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، اہلسنت والجماعت کے رہنما مولانا شمس الرحمٰن معاویہ، تنظیم اسلامی کے رہنما مرزا محمد ایوب بیگ، مرکزی جمعیت اہلحدیث کے رہنما رانا محمد شفیق پسروری اور کئی دیگر رہنماؤں نے مختلف مقامات پر اپنے اپنے خطابات و بیانات میں کہا کہ ملک ممتاز قادری کے ہاتھوں گورنر پنجاب کا قتل اُن کے انتہا پسندانہ بیانات کا شدید ردّ عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ملک شریعت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نفاذ کے نام پر معرضِ وجود میں آیا تھا اور اِسی کے نفاذ سے اس کی بقاء ممکن ہے۔ انھوں نے کہا کہ آئین اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے۔ اِن رہنماؤں نے کہا کہ سیکولر انتہاء پسندی نے ملک کو دہشت گردی اور انارکی کی طرف دھکیلا ہے۔ سیکولر انتہا پسند اپنے رویوں پر نظر ثانی کریں اور کائنات کی سب سے محترم ترین ہستی جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر تنقید کا حق مانگنا انسانیت کو ظلم کی طرف دھکیلنے والی بات ہے ریاست اپنے فرائض کو سمجھے اور حکومت اپنے دریدہ دہن وزیروں کو لگام ڈالے۔

**پاکستان میں اسلام دشمنوں اور تاریک نہاد روشن خیالوں کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے: مولانا عبدالرحیم نیاز**
**مجلس احرار اسلام کا بچہ بچہ ناموس رسالت کے لیے کٹ مرنے کو تیار ہے: مولانا کریم اللہ**

چوک ظاہر پیر (نامہ نگار) مجلس احرار اسلام ضلع رحیم یار خان کے نائب امیر مولانا عبدالرحیم نیاز اور ضلعی ناظم نشر و اشاعت مولانا کریم اللہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ پاکستان اسلام کے نام پر معرض وجود میں آیا اس کے لیے اسلام کے شہداؤں نے جان وعزت کی قربانی دی یہ ملک ہی میں پاکستانی حکومت سے ناموس رسالت قانون ختم کرنے کا مطالبہ کیا تھا، جس پر تمام مسلم ممالک کا ردّ عمل سامنے آیا اور مصر نے احتجاج کے طور پر ویٹی کن سٹی سے اپنے سفیر کو واپس بلا لیا۔ (روزنامہ اسلام، جمعرات ۱۳رجنوری ۲۰۱۱ء)

**پوپ کا بیان پاکستان کے داخلی معاملات میں جارحانہ مخالفت ہے**
**حکمران آئین اور حلف کی پاسداری کریں، سیکولر فاشسٹ اپنی زبانوں کو لگام دیں**



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ملتان (۱۴؍جنوری) تحریک ناموس رسالت کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پوپ کا بیان پاکستان کے اندرونی معاملات میں جارحانہ مداخلت ہے۔حکمران اس کی مذمت کریں۔ایم ڈی اے چوک پر ایک بڑے احتجاجی مظاہرے سے مجلس احرارِ اسلام کے قائد سید عطاء المہیمن بخاری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکمران آئین اور حلف کی پاسداری کریں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے وفاداری کا مظاہرہ کریں۔انھوں نے کہا کہ قانونِ تحفظ ناموس رسالت اور آئین کی اسلامی دفعات کو چھیڑا گیا تو ملک میں انارکی پھیلے گی۔

وفاق المدارس کے ناظم اعلیٰ قاری حنیف جالندھری نے کہا کہ وزیراعظم اسمبلی کے فلور پر پالیسی بیان دیں اور اعلان کریں کہ آئندہ کبھی اسلامی قوانین کے خلاف کوئی ترمیم نہیں لائی جائے گی۔شیری رحمٰن اپنا بل واپس لے اور اسمبلی اُسے مسترد کرے۔شہباز بھٹی کی سربراہی میں قائم جائزہ کمیٹی ختم کی جائے۔انھوں نے کہا کہ ہمارے مطالبات کی منظوری تک تحریک جاری رہے گی۔۳۰؍جنوری کو لاہور کا جلسہ تاریخ ساز اور فیصلہ کن ہوگا۔

جمعیت علماء پاکستان کے مفتی ہدایت اللہ پسروری نے کہا کہ مقامِ مصطفیٰ کے تحفظ کے لیے پوری قوم میدان میں نکل آئے گی۔مجلس احرارِ اسلام کے رہنما سید کفیل بخاری نے کہا کہ حکمران سیکولر انتہا پسندی کا راستہ روکیں اور سیکولر فاشسٹ اپنی زبانوں کو لگام دیں۔انھوں نے کہا کہ حکمران قوم کو تقسیم نہ کریں ورنہ ملک میں خانہ جنگی ہوگی۔احتجاجی مظاہرے سے جمعیت علماء اسلام کے قاری عبدالرؤف، جماعتِ اسلامی کے کلیم صدیقی، جمعیت اہل حدیث کے عبدالرحیم گجر، محمد ایوب مغل، مولانا عبدالحق مجاہد، مسلم لیگ فنکشنل کے اشرف قریشی اور پاورلومز ایسوسی ایشن کے محمد یوسف انصاری، تحریک طلباء اسلام کے سید صبیح الحسن ہمدانی، عطاء المنان بخاری، محمد نعمان، علی مردان قریشی، فرحان الحق اور حافظ اخلاق احمد نے خطاب کیا۔

## سیکولر انتہا پسندی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا ناموس رسالت قانون کی آڑ میں سیکولر انتہا پسندی کو فروغ دیا جارہا ہے پاکستان کا اسلامی تشخص پامال نہیں ہونے دیں گے: سید محمد کفیل بخاری

ملتان (نیوز رپورٹر) تحریک تحفظ ناموس رسالت کے رہنما اور مجلس احرار اسلام کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید کفیل شاہ بخاری نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ناموس رسالت قانون کی آڑ میں سیکولر انتہا پسندی کو فروغ دیا جارہا ہے۔سلمان تاثیر کا قتل بھی سیکولر انتہا پسندی کا ہی شاخسانہ ہے سیکولر طبقہ طے شدہ دینی مسائل کو آئین سے ختم کرانا چاہتا ہے اسلامی قوانین کو متنازعہ بنا کر ختم کرنے کی سازش کی جارہی ہے انھوں نے کہا کہ مشاہد حسین کا بیان ریکارڈ پر ہے جس میں انھوں نے کہا تھا کہ حدود آرڈیننس کے بعد ناموس رسالت ایکٹ میں ترمیم کرائیں گے۔سید کفیل شاہ بخاری نے کہا کہ حکمران طبقہ اسلامی قوانین کو چھیڑنے سے باز رہے انھوں نے کہا کہ پاکستان کا اسلامی تشخص پامال نہیں ہونے دیں گے۔سید کفیل شاہ بخاری نے کہا کہ سیکولر انتہا پسندی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔(روزنامہ اسلام، جمعۃ المبارک ۱۴؍جنوری ۲۰۱۱ء)

## پاکستان کی نظریاتی اساس کو ہر صورت قائم رکھیں گے: سید کفیل بخاری

## اسلام ہی قومی وحدت اور امن وسلامتی کا مضبوط ذریعہ ہے، ظاہر پیر میں اجتماعات سے خطاب



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



چوک ظاہر پیر (نامہ نگار) مجلس احرار اسلام کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید محمد کفیل بخاری نے ظاہر پیر اور غازی پور میں احرار کارکنوں اور مختلف اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیکولر انتہا پسند قوم کو تقسیم کر رہے ہیں۔ دو قومی نظریے کی بنیاد پر قائم ہونے والے پاکستان کی نظریاتی اساس اور شناخت کو تبدیل کرنے کی سازش ہو رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اسلام ہی قومی وحدت اور امن وسلامتی کا مضبوط ذریعہ ہے۔ پاکستان کی نظریاتی اساس تبدیل کی گئی تو ملک اپنے قیام کا جواز کھو بیٹھے گا۔ انھوں نے کہا کہ قانون توہین رسالت کے حوالے سے حکمران گول مول باتیں کر رہے ہیں جب تک اسمبلی کے فلور پر وزیر اعظم پالیسی بیان جاری نہیں کرتے تحریک جاری رہے گی۔ انھوں نے کہا کہ شیری رحمٰن اپنا بل واپس لے اور اقلیتی وزیر شہباز بھٹی کی سربراہی میں قائم کمیٹی ختم کی جائے۔ (روزنامہ اسلام، ۱۸؍جنوری ۲۰۱۱ء)

☆☆☆

چیچہ وطنی (۲۱؍جنوری) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ یورپی پارلیمنٹ کا قرارداد کے ذریعے صدرِ پاکستان سے مطالبہ ''کہ توہین رسالت (صلی اللہ علیہ وسلم) کے جرم میں سزائے موت کی منتظر ''آسیہ مسیح'' کی سزا معاف کر کے اسے فوری رہا کیا جائے'' پاکستان کے اندرونی و مذہبی معاملات میں جارحانہ مداخلت ہے انہوں نے کہا کہ یورپی پارلیمنٹ کی طرف سے آسیہ مسیح کی رہائی کے لئے صدر زرداری پر زور دینا بین الاقوامی سطح پر امت مُسلمہ کے جذبات کا احترام نہ کرنے اور مسلمانوں کے جذبات کو بھڑکانے کے مترادف ہے کراچی کے دورے سے واپسی پر اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ حکومت عالمی ایجنڈے کو مسترد کرے اور قومی اسمبلی اور پارلیمنٹ میں یہ قرارداد لائے کہ قانون توہین رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف کبھی قرارداد نہیں لائی جائے گی اور اس قانون کے خلاف کمپین پر پابندی عائد کی جائے انھوں نے کہا کہ حکومت ''عذرِ گناہ بدتر از گناہ'' کے مترادف رویہ اپنائے ہوئے ہے پوری دنیا کو یاد رکھنا چاہیے کہ توہین رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کا تصور بھی پوری انسانیت کی توہین ہے ایک سوال کے جواب میں انھوں نے کہا کہ کراچی کے حالات سدھارنے کا واحد راستہ یہی ہے کہ امن وامان کے حوالے سے تمام فیصلے قانون کی بالادستی کی روشنی میں کئے جائیں اور قانون کی عمل داری کے لئے سیاسی وابستگی کو بالائے طاق رکھا جائے ایک سوال کے جواب میں انھوں نے کہا کہ فوزیہ وہاب اگر پیپلز پارٹی کی سیکرٹری اطلاعات ہیں تو وہ کہہ رہی ہیں کہ اس قانون میں ترمیم ہوگی! انھوں نے کہا کہ حکومت منافقت ترک کرے اور بھٹو مرحوم کے تحفظِ ختم نبوت کے کردار سے روگردانی نہ کرے عبداللطیف خالد چیمہ نے جامعہ الازہر مصر کی جانب سے پوپ کی طرف سے اسلام بارے نازیبا الفاظ استعمال کرنے پر ویٹی کن سے بین المذاہب مذاکرات ختم کرنے کے اعلان وفیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہود ونصاریٰ کو عالمی امن کے لئے شعوری کردار ادا کرنے کی طرف توجہ دینی چاہیے اور اسلام ومسلم دشمنی کا افسوس ناک رویہ ترک کر دینا چاہیے ورنہ ردِ عمل اپنا راستہ خود بناتا ہے۔

**ناموسِ رسالت کے تحفظ کا اعلان اسمبلی کے فلور پر کیا جائے ☆ پاکستان کی نظریاتی اساس تبدیل کی گئی**



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## تو ملک اپنے قیام کا جواز کھودے گا۔ مجلس احرار اسلام کے زیرِ اہتمام تحفظ ناموسِ رسالت سیمینار سے امیر احرار و دیگر کا خطاب

لاہور (۲۳ر جنوری) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ وزیر اعظم، قانونِ ناموس رسالت آئین کی تمام اسلامی دفعات کی حفاظت کا اعلان اسمبلی کے فلور پر کریں۔ وہ مجلس احرار اسلام کے زیر اہتمام لاہور پریس کلب میں کل جماعتی تحفظ ناموس رسالت سیمینار سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ حکمران امریکی ایجنڈے پر عمل کرنے کی بجائے قرآنی دستور پر عمل کریں، پاکستان کی نظریاتی اساس کو تبدیل کیا گیا تو ملک اپنے قیام کا جواز کھودے گا۔ غیور مسلمان ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے تحفظ کے لیے بڑی سے بڑی قربانی دینے سے بھی دریغ نہیں کریں گے۔ جمعیت علماء پاکستان کے سیکرٹری جنرل قاری محمد زوار بہادر نے کہا کہ آئین پر عمل نہ کیا گیا تو قوم کا ہر فرد غازی ممتاز قادری بن جائے گا۔ مجلس احرار اسلام کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید محمد کفیل بخاری نے کہا کہ پاکستان کے سیکولر انتہا پسند ملک میں فاشزم کو فروغ دے رہے ہیں۔ جمعیت علماء اسلام کے رہنما مولانا سیف الدین سیف نے کہا کہ تحفظِ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کی پرامن آئینی تحریک اپنے مقاصد کے حصول تک جاری رہے گی۔ جماعت اہلحدیث کے سربراہ مولانا عبدالغفار روپڑی نے کہا کہ حکومت تحریک ناموس رسالت کے تمام مطالبات فوری تسلیم کرلے، ۳۰ر جنوری کو لاہور کی ریلی حکمرانوں کی نیندیں حرام کردے گی۔ اہل سنت والجماعت پنجاب کے صدر مولانا شمس الرحمٰن معاویہ نے کہا کہ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہم اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہا دیں گے۔ اتحاد العلماء کے رہنما مولانا سید محمود فاروقی نے کہا کہ قانون تحفظ ناموس رسالت کے لیے کراچی سے خیبر تک پوری قوم متحد ہوچکی ہے جس کا مظاہرہ وہ کراچی کے بعد اب ۳۰ر جنوری کو لاہور میں کرے گی جے یو پی پنجاب کے صدر مفتی سید عاشق حسین نے کہا کہ قانون ناموس رسالت اور شاتم رسول آسیہ مسیح کے سزا کے خلاف پوپ کی ہرزہ سرائی اور یورپی پارلیمنٹ کے اسلام دشمن مطالبے کی ہم بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ یہ مسلمانوں کی دینی و اسلامی غیرت پر کھلا حملہ اور بین الاقوامی قانون کی دھجیاں اڑانے کے مترادف ہے۔ ورلڈ پاسبانِ ختم نبوت کے ناظم اعلی علامہ ممتاز اعوان نے کہا کہ ہم اپنے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ناموس کا تحفظ اپنے خون سے کرینگے۔ اے پی سی تحفظ ناموس رسالت سیمینار سے مجلس احرار اسلام کے مرکزی رہنما پروفیسر خالد شبیر احمد، میاں محمد اویس، قاری محمد یوسف احرار تحریک ختمِ نبوت کے سرپرست مولانا انعام الحق، جمعیت علماء اسلام کے حضرت مولانا محبّ النبی، پی ڈی پی (علماء ونگ) کے صدر قاری محمد حنیف ربانی، خاکسار تحریک کے مرکزی رہنما محمد ریاض خاکی، متحدہ اہلحدیث کے سیکرٹری محمد نعیم بادشاہ اور حافظ شعیب الرحمٰن سمیت علامہ یونس ریحان، قاری محمد قاسم، محمد یاسر عبدالقیوم، رانا حبیب اللہ، خالد محسن نثار اللہ دتہ مجاہد و دیگر رہنماؤں نے بھی خطاب کی۔ اے پی سی سیمینار میں پاس کی گئی قراردادوں میں مطالبہ کیا گیا کہ وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی تحریک ناموس رسالت کے مطالبات فوراً تسلیم کریں۔ شیری رحمٰن پارلیمنٹ میں پیش کردہ اپنا بل واپس لے۔ اقلیتی وزیر شہباز بھٹی کی سربراہی میں قائم کردہ جائزہ کمیٹی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فوری تحلیل کی جائے اور وزیر اعظم ناموس رسالت ایکٹ سے متعلق بیرونی دباؤ کو یکسر مسترد کرتے ہوئے قومی اسمبلی میں قانون تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں کسی قسم کی ترمیم نہ کرنے کا واضح اعلان کریں۔

## جناب عبداللطیف خالد چیمہ کا دورۂ کراچی

کراچی (رپورٹ: محمد شفیع الرحمٰن) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ ۱۳؍ جنوری ۲۰۱۱ء کو ایک ہفتے کے دورے پر کراچی پہنچے چیچہ وطنی جماعت کے سنیئر کارکن قاضی عبدالقدیر اُن کے ہمراہ تھے کراچی جماعت کے کارکنوں اور مختلف احباب نے ڈِرگ روڈ ریلوے اسٹیشن پر اُن کا پُر تپاک استقبال اور خیر مقدم کیا وہ ماڈل کالونی ملیر میں جناب محمود احمد کے ہاں قیام پذیر ہوئے اور مختلف مقامات سے علماء کرام اور احبابِ جماعت رات گئے تک ملاقات کے لئے تشریف لاتے رہے جماعت اور احباب نے محترم چیمہ صاحب کی آمد پر ''تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم اور موجودہ صورتحال'' کے حوالے سے متعدد پروگرام ترتیب دے رکھے تھے اُن کی آمد کے بعد اجتماعات میں اضافہ ہوتا گیا اور اخبارات واشتہارات کے ذریعے پروگراموں کی تشہیر ہوتی رہی ۱۴؍ جنوری کو انہوں نے نماز جمعتہ المبارک سے قبل جامع مسجد گلشنِ جامی ماڈل کالونی ملیر کراچی میں خطاب کیا یہ علاقہ قادیانی آبادی کی وجہ سے بہت مشہور ہے اِس پروگرام کے داعی مولانا تنویر اقبال اور جناب محمود احمد تھے ''آسیہ مسیح'' کیس کے بعد کی صورتحال پر تفصیلی گفتگو ہوئی اور گردونواح سے لوگوں نے بھرپور شرکت کی اور لٹریچر بھی خوب تقسیم ہوا بعد ازاں مولانا تنویر اقبال نے اپنے مدرسہ میں ضیافت کا اہتمام کیا جس میں علماء کرام سماجی وسیاسی کارکنوں نے بھی شرکت کی تحریکِ ختمِ نبوت اور تحریک تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بڑی مفید گفتگو ہوئی ۱۵؍ جنوری کو محترم چیمہ صاحب مولانا محمد احتشام الحق معاویہ اور قاضی عبدالقدیر نے راقم محمد شفیع الرحمٰن کے ہاں ناشتہ کیا بعد ازاں روزنامہ ''جسارت'' کراچی کے پبلشر جناب سید ذاکر علی کی رہائش گاہ پر اُن سے ملاقات کی اور علاقے کے متعدد افراد سے ملاقاتیں ہوئیں۔ بعد نماز ظہر حضرت مولانا مفتی ہارون مطیع اللہ کے ادارے مدرسہ اصحاب صفہ تشریف لے گئے اور نمازِ مغرب سے قبل طلباء عزیز سے مختصر خطاب کیا جہاں سے قبل نماز عشاء حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم کی معیت میں جامع مسجد غریب نواز یوپی موڑ نیو کراچی پہنچے جہاں عشاء کے بعد تفصیلی بیان ہوا اِس پروگرام کے داعی حضرت مولانا مفتی امیر الدین زاہد اور اُن کے رفقاء کرام تھے ماشاء اللہ بیان کو بے حد پسند کیا گیا بیان کے بعد تاخیر سے جناب مولانا محمد احمد معاویہ کی رہائش گاہ پہنچے اور ان کی ضیافت میں شرکت کی۔ ۱۶؍ جنوری کو حضرت مولانا عبدالغفور مظفر گڑھی جو اِس دورے اور پروگراموں میں بے حد متحرک ومعاون رہے کی خصوصی دعوت پر بعد نماز ظہر محترم ناظمِ اعلیٰ صاحب جامع مسجد محمدیہ تحفیظ القرآن مہربان ٹاؤن پہنچے جہاں جمعیت علماء اسلام کے رہنما مولانا خان محمد ربانی کے علاوہ مولانا مفتی ابوبکر سعید الرحمٰن، مولانا مفتی صغیر احمد، مفتی عبدالستار محمود کوٹی، مفتی اللہ بخش احسان پوری، مولانا مفتی عبدالحق عثمانی، قاری غلام یٰسین شہزاد، قاری منیر احمد، مولانا حبیب الرحمٰن شاہد، مولانا فضل الرحمٰن خطیب مسجد الہٰی، مولانا عاطف محمود اور دیگر حضرات نے شرکت و خطاب کیا بہت سے حضرات سے ملاقاتیں ہوئیں آخر میں چیمہ صاحب کا خطاب ہوا جو نمازِ عصر تک جاری رہا بعد نماز مغرب مولانا مفتی عطاء الرحمٰن قریشی کی میزبانی میں جامعہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا میٹروول سائٹ کراچی میں ''تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم اور ہماری ذمہ داریاں'' کے عنوان سے بہت ہی خوبصورت نشست منعقد ہوئی جس میں چیمہ صاحب سے قبل عالمی مجلس تحفظ ختم



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نبوت کے مرکزی مبلغ مولانا قاضی احسان احمد اور مجلس احرارِ اسلام کے رہنما مولانا محمد احتشام الحق نے بھی خطاب کیا اپنے مقصد اور افادیت کے اعتبار سے یہ مجلس بہت ہی کامیاب رہی یہاں پر محترم طارق مدنی سمیت کئی دیگر حضرات نے خصوصی شرکت کی بعدازاں تقریباً گیارہ بجے رات جامعہ بنوریہ سائٹ کے میڈیا سیکشن میں بیٹھ کر امریکہ میں جناب عاطف صاحب کی میزبانی میں ایک ریڈیو پروگرام میں عقیدۂ ختمِ نبوت اور مرزائی عقائد کے حوالے سے تقریباً ایک گھنٹہ خطاب کیا اور سوالات کے جوابات بھی دیئے۔

پانچواں پروگرام ۱۷؍جنوری کو بعد نماز مغرب جامع مسجد فاروقیہ مجاہد کالونی ناظم آباد نمبر۴ میں حضرت مولانا فضل اللہ حمادی کی میزبانی ونگرانی میں منعقد ہُوا بعدازاں حضرت مولانا فضل اللہ حمادی نے مدرسہ ضیاء القرآن حمادیہ میں عشائیہ کا اہتمام کیا جس میں مولانا مفتی ہارون مطیع اللہ، جناب الطاف وِرک (روزنامہ اسلام) مولانا وقاص سعید اور دیگر حضرات نے شرکت کی۔ بعدازاں محترم جناب عبداللطیف خالد چیمہ روزنامہ ''امت'' اور ہفت روزہ ''تکبیر'' کے دفتر کا دورہ کیا جہاں محترم یعقوب غزنوی مدیر ہفت روزہ ''تکبیر'' نے خیر مقدم کیا مولانا وقاص سعید بھی ہمراہ تھے محترم یعقوب غزنوی نے محترم سجاد عباسی اور محترم امجد چودھری سے ملاقاتیں کرائیں اور دفتر کے شعبہ جات دکھائے۔ ۱۸؍جنوری کو مولانا وقاص سعید (متعلم دورۂ حدیث شریف) دارالعلوم کراچی کی دعوت پر کچھ وقت کے لئے جامعہ دارالعلوم کورنگی تشریف لے گئے جہاں مولانا فہیم، مولانا عبدالرؤف، مولانا محمد معاویہ اور دیگر طلباء کرام سے ملاقاتیں ہوئیں وسیع وعریض جدید ترین لائبریری دیکھی قدیم وجدید قبرستانوں میں حاضری دی اور مولانا وقاص سعید کے ہمراہ سندھی مسلم سوسائٹی میں بھائی محمد عبداللہ صدیقی سے ملاقات کے بعد پہلے سے طے شدہ پروگرام کے مطابق دیگر احباب کے ہمراہ روزنامہ ''اسلام'' کے دفتر پہنچے جہاں مولانا محمد شفیع چترالی، جناب خالد عمران، محمد احمد حافظ اور دیگر نے پُرتپاک استقبال کیا اور دفتر کے شعبہ جات کا تفصیلی دورہ کرایا روزنامہ ''اسلام'' کے ایڈیٹر جناب مولانا محمد افضل کے دفتر میں ان سے ملاقات کی اور اخبار کی ترقی کے لئے دعا کی بعد نماز مغرب مدرسہ عربیہ سیف الاسلام (ٹرسٹ) کھنڈو گوٹھ نارتھ ناظم آباد کراچی میں تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے منعقدہ اجتماع میں شرکت وخطاب کیا اس مدرسہ کے مدیر محترم قاری علی شیر قادری چیمہ صاحب کے اِس سفر میں بہت متحرک رہے یہاں بیان تحریکی و اصلاحی ہُوا اور بہت پسند کیا گیا اجتماع کے بعد پہلے سے طے شدہ نظم کے مطابق کراچی جماعت کا اجلاس چیمہ صاحب کی صدارت میں منعقد ہُوا اور متفقہ طور پر عہدیداران کا انتخاب عمل میں لایا گیا بعدازاں مولانا محمد احمد معاویہ کی معیت میں ماھنامہ ''مسیحائی'' کراچی کے مدیر مخدوم زادہ جناب احمد خیر الدین انصاری کے عشائیہ میں شرکت کی۔ ۱۹؍جنوری کا سارا دن مختلف مصروفیات میں گزرا مغرب کے بعد مسجد داؤد سائٹ ایریا کراچی میں مولانا محمد احتشام الحق کی الوداعی ضیافت میں شرکت کے بعد احباب نے کراچی کینٹ کے ریلوے اسٹیشن سے اُن کو الوداع کیا حالیہ تحریک تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے سلسلہ میں بیداری اور جماعت کے تعارف و تنظیم سازی کے حوالے سے یہ دورہ اِنتہائی کامیاب رہا حضرت مولانا مفتی ھارون مطیع اللہ، مولانا مفتی عطاء الرحمٰن قریشی، مولانا محمد احتشام الحق معاویہ، مولانا عبدالغفور مظفر گڑھی، قاری علی شیر قادری، مولانا محمد احمد معاویہ، مولانا وقاص سعید، مولانا تنویر اقبال، جناب محمود احمد اور دیگر حضرات واحباب نے دورے کو کامیاب اور بامقصد بنانے کے لئے بے پناہ تعاون فرمایا، اللہ تعالیٰ نے چیمہ صاحب کو وصف عطا فرمایا ہے کہ تھوڑے وقت میں زیادہ کام کے عادی ہیں اور عمومی طور پر وقت ضائع کیے بغیر اپنی دُھن سے کام میں لگے رہتے ہیں اِن



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



چند دنوں میں ہم نے اُن سے بہت کچھ سیکھا! اللہ تعالیٰ ہم سب کے ساتھ اپنے خاص کرم کا معاملہ فرمائیں (آمین)

## ناموس رسالت قانون کے مخالفین کو یورپی فنڈنگ کا انکشاف

## رکن ممالک پاکستان میں ''معتدل'' حلقوں کی اصولی اور مالی معاونت جاری رکھیں

## یورپی پارلیمنٹ میں قرارداد منظور۔ ملعونہ آسیہ کی رہائی کے لیے دباؤ

اسٹراس برگ (امت نیوز) یورپی ممالک ناموس رسالت قانون کے مخالفین کی مالی معاونت کر رہے ہیں۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق یہ انکشاف کسی اور نے نہیں خود یورپی پارلیمنٹ نے ایک قرارداد کی منظوری کے دوران کیا، جس میں رکن ممالک کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ان ''معتدل'' حلقوں کی اصولی اور مالی معاونت جاری رکھیں جو پاکستان میں انسانی حقوق کے فروغ اور توہینِ رسالت کے قانون کے خاتمے کے لیے کوشاں ہیں۔ یورپی پارلیمان نے توہینِ رسالت کی مجرمہ ملعونہ آسیہ کی رہائی کے لیے بھی دباؤ بڑھاتے ہوئے صدر آصف علی زرداری سے مطالبہ کیا کہ وہ آئین میں دیے گئے صدارتی اختیار کا استعمال کرتے ہوئے توہین رسالت کے الزام میں موت کی سزا پانے والی عیسائی خاتون آسیہ بی بی کی سزا کو معاف کر دیں۔

بی بی سی نے اپنی ایک رپورٹ میں بتایا کہ اسٹراسبرگ میں دو دن کی بحث کے بعد یورپی پارلیمنٹ نے دو الگ قراردادیں منظور کیں۔ ایک قرارداد کے ذریعے گورنر پنجاب سلمان تاثیر کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے ملزم کو ملنے والی حمایت، وکلاء کی طرف سے ممتاز قادری پر گل پاشی، اور مذہبی جماعتوں کی طرف سے گورنر سلمان تاثیر کے قتل کو جائز قرار دینے پر افسوس کا اظہار کیا گیا۔ پاکستان کو مذہبی آزادی اور رواداری کے ان تمام قومی اور بین الاقوامی معاہدوں اور قراردادوں کی یاددہانی کرائی گئی جن کی وہ توثیق کر چکا ہے۔ نیز آئین پاکستان میں اقلیتوں کے حقوق سے متعلق آرٹیکل کا حوالہ دیتے ہوئے زور دیا گیا کہ حکومت پاکستان اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنائے۔ یورپی پارلیمنٹ نے توہین رسالت کے قانون پر جامع نظر ثانی کے علاوہ صدر آصف علی زرداری سے مطالبہ کیا کہ وہ آئین میں دیے گئے صدارتی اختیار کا استعمال کرتے ہوئے توہین رسالت کے الزام میں موت کی سزا پانے والی عیسائی خاتون آسیہ بی بی کی سزا کو معاف کر دیں۔ قرارداد میں حکومت پاکستان کی طرف سے شدت پسندی کو روکنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کی حمایت کرتے ہوئے سیکورٹی فورسز اور عدلیہ کے بعض حصوں اور سیاسی طبقے کی جانب سے مذہبی انتہا پسندوں کی حمایت پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا۔ قرارداد میں سیکورٹی اداروں میں شدت پسندوں کی موجودگی کا واویلا کرتے ہوئے کہا گیا کہ پاکستانی حکومت سیکورٹی اداروں کو ان عناصر سے پاک کرے۔ یورپی پارلیمان نے حکومت کے منظور شدہ تعلیمی نصاب کو بھی کڑی تنقید کا نشانہ بنایا اور الزام لگایا کہ اس میں دیگر مذہب کیخلاف اشتعال انگیز پروپیگنڈا شامل ہے۔ اپنی دوسری قرارداد میں یورپی پارلیمنٹ نے مصر، نائیجیریا، پاکستان، فلپائن، قبرص، ایران اور عراق میں عیسائیوں پر ہونے والے حملوں کی مذمت کی اور مطالبہ کیا گیا کہ ۳۱ رجنوری کو یورپی یونین کی کمیٹی برائے خارجہ امور بھی عیسائیوں کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں اور ان کی مذہبی آزادی کے احترام پر بحث کرے۔ یورپی یونین کی امر خارجہ کی سربراہ کیتھرین ایشٹن نے کہا کہ عالمی برادری کو مذہب کے نام پر تفریق کے سامنے ڈٹنا پڑے گا اور انتہا پسندی کا بہترین جواب، مذہب وعقائد کی آزادی کا عالمگیر معیار ہے۔ ایشٹن کا کہنا تھا کہ یورپی یونین دنیا بھر میں عیسائیوں کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کے بارے میں نظریں نہیں پھیرے گی۔ (۲۲ رجنوری ۲۰۱۱، روزنامہ ''امت'' کراچی)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## انتخابات مجلسِ احرار اسلام پاکستان

### گڑھا موڑ

سرپرست: حاجی محمد یوسف (۹۶۔ چک)
امیر: ماسٹر محمد اقبال (۹۶۔ چک)
ناظم: حافظ محمد امین (۱۰۰۔ چک)
ناظم نشر و اشاعت: حافظ گوہر علی (۸۶۔ چک)، صوفی رب نواز

### کراچی

مجلس احرارِ اسلام کراچی کی مجلس شوریٰ کا انتخابی و تنظیمی اجلاس مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ کی صدارت میں مدرسہ عربیہ سیف الاسلام (ٹرسٹ) کھنڈو گوٹھ نارتھ ناظم آباد کراچی میں منعقد ہوا جس میں مولانا مفتی عطاء الرحمٰن قریشی امیر، قاری علی شیر قادری نائب امیر، مولانا محمد احتشام الحق معاویہ کو ناظم، محمد شفیع الرحمٰن سیکرٹری اطلاعات اور مولانا عبدالغفور مظفر گڑھی کو اسسٹنٹ سیکرٹری اطلاعات منتخب کیا گیا اجلاس میں امن و امان کے حوالے سے گہری تشویش کا اظہار کیا گیا۔

### اوکاڑہ

مورخہ ۱۴؍ جنوری ۲۰۱۱ کو مجلس احرار اسلام اوکاڑہ کے کارکنان کا اجلاس سابقہ نائب صدر چودھری خالد علی صاحب کی زیر صدارت ہوا۔ جس میں متفقہ فیصلہ سے انتخاب ہوا۔ مندرجہ ذیل حضرات کو امیر، نائب امیر، جنرل سیکرٹری اور دیگر عہدوں پر مقرر کیا گیا۔

(۱)　شیخ نسیم الصباح ''صدر''
(۲)　چودھری خالد علی صاحب ''نائب صدر''
(۳)　شیخ مظہر سعید صاحب ''سیکرٹری جنرل''
(۴)　جناب غلام دستگیر صاحب ''ڈپٹی سیکرٹری''
(۵)　جناب سیف اللہ صاحب ''سیکرٹری نشر و اشاعت''

تمام کارکنان نے منشور مجلس احرار اسلام پر چلنے کا عہد کیا اور دعا کے بعد اجلاس ختم ہوا۔

### کلور کوٹ

مجلس احرار اسلام کلور کوٹ کا اجلاس مورخہ ۲۵؍ جنوری ۲۰۱۱ء کو مدرسہ نورِ ہدایت کلور کوٹ میں منعقد ہوا جس کی صدارت حافظ محمد سالم ضلعی امیر نے کی۔ اجلاس میں ان حضرات کو متفقہ فیصلہ سے منتخب کیا گیا۔

(۱)　حافظ محمد سالم صاحب ''امیر''
(۲)　تنویر احمد سونا ''نائب امیر''
(۳)　خوشی محمد ''جنرل سیکرٹری''



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۴)　محمد اقبال ’’سیکرٹری نشر واشاعت‘‘

(۵)　ناصر بھائی ’’خزانچی‘‘

**حاصل پور**

مجلسِ احرار اسلام حاصل پور کے کارکنوں کا اجلاس ۱۶ جنوری ۲۰۱۱ء کو جناب ابوسفیان محمد اشرف تائب کی صدارت میں منعقد ہوا۔ جس میں ابوسفیان محمد اشرف تائب کو سرپرست، مولانا محمد زمان کو امیر، رانا محمد افضل اور حافظ محمد ہارون کو نائب امراء، حافظ محمد اسمٰعیل کو ناظم اعلیٰ، مہر محمد مشتاق کو نائب ناظم، محمد نعیم ناصر کو ناظم نشر واشاعت، خالد حسین اور حافظ محمد مغیرہ کو نائب ناظم نشر واشاعت منتخب کیا گیا۔

**فقر شاہ، میلسی**

۲۸ جنوری ۲۰۱۱ء کو مجلس احرار اسلام حلقہ فقر شاہ تحصیل میلسی کے کارکنوں کا انتخابی اجلاس حافظ محمد اکرم احرار کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں ڈاکٹر محمد بخش کو امیر محمد عارف کو ناظم اور ماسٹر منظور احمد کو ناظم نشر واشاعت طے کیا گیا۔

☆☆☆


سکول، کالج اور دینی مدارس کے طلباء وطالبات نیز تمام خواتین وحضرات کے لیے

## فہمِ ختمِ نبوت خط کتابت کورس

- خط کتابت کے ذریعے گھر بیٹھے عقیدۂ ختم نبوت سے مکمل آگاہی اور منکرینِ ختم نبوت کے عقائد ونظریات سے واقفیت حاصل کریں۔
- داخلہ کے لیے سادہ کاغذ پر اپنا نام، ولدیت، تعلیم وپیشہ، فون نمبر اور ڈاک کا مکمل پتا لکھ کر ارسال کریں ● ایک لفافہ میں صرف ایک ہی درخواست بھیجیں۔
- ایس ایم ایس کے ذریعے اپنا نام وپتہ بھیج کر داخلہ لے سکتے ہیں۔
- کورس مکمل کرنے پر ایک خوبصورت سند، جبکہ نمایاں کارکردگی پر شرکاء کو خصوصی تحائفِ کتب دیئے جائیں گے۔

داخلہ جاری ہے

آغاز　یکم محرم الحرام ۱۴۳۲ھ　جنوری ۲۰۱۱ء

رابطہ　دفتر مجلس احرار اسلام　مسجد سیدنا ابوبکر صدیقؓ، تلہ گنگ (غرب) ضلع چکوال (پنجاب)

0300-5780390,0300-4716780




© rasailojaraid.com